# سُورَةُ الشَّمْسِ

## سُورج

القرآن ۹۱:۰۱-۱۵

QuranicQuotes.com

# وَٱلشَّمْسِ وَضُحَىٰهَا

قسم ھے سورج کی اور اس کی دھوپ کی۔

القرآن ۹۱:۰۱

QuranicQuotes.com

وَٱلْقَمَرِ إِذَا تَلَىٰهَا

اور چاند کی جب اس کے پیچھے نکلے

القرآن ۹۱:۰۲

QuranicQuotes.com

وَٱلنَّهَارِ إِذَا جَلَّىٰهَا

اور قسم ھے دن کی جب وہ اس (سورج)
کو روشن کردیتا ھے۔

القرآن ۹۱:۰۳

QuranicQuotes.com

وَٱلَّيۡلِ إِذَا يَغۡشَىٰهَا

اور قسم ھے رات کی جب وہ اس (سورج) کو
ڈھانپ لیتی ھے۔

القرآن ۹۱:۰۴


وَٱلسَّمَآءِ وَمَا بَنَىٰهَا
اور قسم ہے آسمان کی اور اس ذات کی
جس نے اسے بنایا۔
القرآن ۹۱:۰۵
QuranicQuotes.com

# وَٱلْأَرْضِ وَمَا طَحَىٰهَا

اور قسم ہے زمین کی اور اس کی
جس نے اسے بچھا دیا۔

القرآن ٩١:٠٦

QuranicQuotes.com

وَنَفۡسٖ وَمَا سَوَّىٰهَا

اور قسم ھے نفس انسانی کی اور اس کی جس نے
اس کو سنوارا۔

القرآن۹۱:۰۷

# فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوٰىهَا

پس اس کے اندر نیکی اور بدی
کا علم الہام کردیا۔

القرآن ۹۱:۸

قَدْ أَفْلَحَ مَن زَكَّىٰهَا

یقینا کامیاب ہو گیا جس نے اس کو پاک کرلیا۔

القرآن ۹۱:۰۹

QuranicQuotes.com

وَقَدْ خَابَ مَن دَسَّىٰهَا

اور ناکام ہو گیا جس نے اسے مٹی میں دفن کردیا۔

القرآن ۹۱:۱۰

QuranicQuotes.com

# كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِطَغْوٰىهَآ

قومِ ثمود نے بھی جھٹلایا تھا اپنی سرکشی کے باعث۔

القرآن ۹۱:۱۱

QuranicQuotes.com

# إِذِ ٱنۢبَعَثَ أَشْقَىٰهَا

جب اٹھ کھڑا ہوا ان کا سب سے شقی انسان۔

القرآن ۹۱:۱۲

QuranicQuotes.com

فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ
ٱللَّهِ نَاقَةَ ٱللَّهِ وَسُقْيَـٰهَا

تو اللہ کے رسول نے ان سے کہا کہ (خبردار !) یہ اللہ
کی اونٹنی ھے اور یہ اس کے پانی پینے کا دن ھے۔

القرآن ۹۱:۱۳

QuranicQuotes.com

فَكَذَّبُوهُ فَعَقَرُوهَا فَدَمْدَمَ
عَلَيْهِمْ رَبُّهُم بِذَنبِهِمْ فَسَوَّاهَا

تو انہوں نے اس کو جھٹلا دیا اور اونٹنی کی کونچیں
کاٹ دیں۔ تو الٹ دیا ان پر عذاب ان کے رب نے ان
کے گناہ کی پاداش میں اور سب کو برابر کردیا۔

القرآن ۹۱:۱۴

QuranicQuotes.com

وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا

اور وہ اس کے انجام سے نہیں ڈرتا۔

القرآن ۹۱:۱۵

QuranicQuotes.com